# شرح العقائد

بمطابق کنز المدارس بورڈ

درجہ: عالمیہ سالِ اوّل (ایم-اے فرسٹ ائیر)


## از: مولانا عبد الوحید مدنی عطاری

سینئر مدرّس ماڈل جامعۃ المدینہ اشاعت الاسلام، ملتان

مرتِّبین:-

- شیخ فراز احمد قریشی
- محمد حسّان مصطفٰی عطاری


KANZUL MADARIS BOARD

الحمد للہ رب العالمین والصلوٰۃ والسلام علیٰ خاتم النبیین
امّا بعد فاعوذ باللہ من الشیطٰن الرجیم بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

اللہ پاک ہماری اس ادنیٰ سی کاوش کو قبول فرمائے!
اور اسے طلباءِ علمِ دین کے لیے
نافع بنائے (آمین)

گزارش: -
اہل علم حضرات جہاں کہیں، کوئی خطاء و غلطی پائیں
تو مطّلع کر کے بارگاہِ خداوندی سے اجر پائیں
شکریہ

KANZUL MADARIS BOARD

## ☆حصہ معروضی(40٪)☆

### صفۃ الکلام

1۔کلام کونسی صفت ہے؟

(a)اعتباری (b)اضافی (c)حادث (d)ازلی وحقیقی

2۔ مخبر جب کسی چیز کی خبر دیتا ہے یا حکم دیتا ہے تو اولاً وہ اپنے دل میں کیا پاتا ہے؟

(a)الفاظ مخیّلہ (b)الفاظ منطوقہ (c)الفاظ مسموعہ (d)معنیٰ

3۔ مخبر اپنے دل میں پائے جانے والے معنٰی پر کس چیز سے دلالت کرتا ہے؟

(a)کتابت (b)عبارت (c)اشارہ (d) تینوں سے

4۔ مخبر کے دل میں پایا جانے والا معنٰی۔۔۔۔۔۔ہے۔

(a)علم کے مترادف (b)ارادہ کے مترادف (c)دونوں کے مترادف (d)دونوں کا غیر

5۔ مخبر کے دل میں پائے جانے والے معنٰی کو کیا کہتے ہیں؟

(a)کلام نفسی (b)کلام اضافی (c)کلام اعتباری (d)کلام لفظی

6۔اخطل شاعر کا قول کس بات پر ثبوت کے لیے لایا گیا؟

(a)کلام نفسی پر (b)قرآن کے حدوث پر (c)قدمِ قرآن پر (d)کلام لفظی پر

7۔"اِنّی زورت فی نفسی مقالۃ" کس کا قول ہے؟

(a)حضرت ابو بکر کا (b)حضرت عمر کا (c)اخطل کا (d)علامہ تفتازانی کا

8۔صفت کلام کے ثبوت پر دلیل ہے؟

(a)اجماع امت (b)تواتر النقل عن الانبیاء (c)اخطل کا قول (d)پہلے دونوں

9۔"وھو متکلم بکلام ھو صفۃ لہٗ" اس عبارت میں کس فرقے کا ردّ ہے؟

(a)فلاسفہ (b)کرامیہ (c)حنابلہ (d)معتزلہ

10۔" لیس من جنس الحروف والاصوات" میں کس فرقے کا ردّ ہے؟

(a)فلاسفہ (b)کرامیہ وحنابلہ (c)جبریّہ (d)معتزلہ

KANZUL MADARIS BOARD

11۔" الکلام صفۃ منافیۃ للسکوت والآفۃ" میں سکوت اور آفت سے کیا مراد ہے؟

(a)سکوت ظاہری اور آفت ظاہری (b)سکوت باطنی اوت آفت باطنی (c)سکوت ظاہری اور آفت باطنی (d)سکوت باطنی اور آفت ظاہری

12۔امر، نہی اور استفہام متکثر ہیں؟

(a)فی نفسہ (b)ازل میں (c)تعلقات کی وجہ سے (d)تمام

13۔امام رازی کے نزدیک امر، نہی، استفہام اور نداء ازل میں کیا تھے؟

(a)متکثر (b)امر (c)خبر (d)نہی

14۔نداء کا حاصل کیا ہوتا ہے؟

(a)طلب اعلام (b)طلب اجابۃ (c)استحقاق الثواب (d)استحقاق العقاب

15۔معتزلہ کے اعتراض کے مطابق امر بلا مامور کیا ہے؟

(a)کذب (b)محال (c)ضروری (d)سفہ وعبث

16۔جب قرآن کا اطلاق قدیم پر ہو گا تو اس سے کیا مراد ہو گا؟

(a)نظم (b)عبارت (c)کلام نفسی (d)مصحف

17۔غیر مخلوق اور غیر حادث میں کونسی نسبت ہے؟

(a)تباین (b)تساوی (c)عموم خصوص مطلق (d)عموم خصوص من وجہ

18۔کس فرقے کے نزدیک حروف واصوات سے مؤلف قرآن قدیم ہے؟

(a)کرامیہ (b)معتزلہ (c)حنابلہ (d)اشاعرہ

19۔معتزلہ اور ہمارے درمیان اختلاف میں معتزلہ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

(a)کلام لفظی کو قدیم کہتے ہیں (b)کلام لفظی کا انکار کرتے ہیں (c)کلام نفسی کو حادث کہتے ہیں (d)کلام نفسی کا انکار کرتے ہیں

20۔ذات باری تعالیٰ کے متکلم ہونے کا کیا مطلب ہے؟

(a)موجد الکلام (b)متصف بالحروف (c)متصف بالکلام النفسی (d)متصف بالاصوات

21۔سمات (علامت) مخلوق میں سے ہے؟

(a)تالیف (b)تنزیل (c)تنظیم (d)تمام

22۔جب معتزلہ اللہ تعالیٰ کے متکلم ہونے کا انکار نہ کر سکے، تو انہوں نے کیا کیا؟

(a)اپنی غلطی تسلیم کرلی (b)متکلم کے معنیٰ میں تبدیلی کردی (c) پھر بھی انکار کیا (d)کوئی نہیں

23۔ متحرک کون ہوتا ہے؟
(a)حرکت پیدا کرنے والا (b)حرکت دینے والا (c)جس کے ساتھ حرکت قائم ہو (d)تمام
24۔ قرآن کریم کی تعریف میں "مکتوب فی مصاحفنا" میں قرآن پاک کس کے ساتھ مکتوب ہے؟
(a)الفاظِ مخیّلہ (b)حروف مسموعہ (c)اشکال الکتابۃ (d)تمام
25۔ درج ذیل میں سے کلام نفسی کس میں حلول کر سکتا ہے؟
(a)قلوب میں (b)مصاحف میں (c)آذان میں (d)حلول نہیں کر سکتا
26۔ کسی چیز کے کتنے وجود ہوتے ہیں؟
(a) 1 (b) 2 (c) 4 (d) 7
27۔ کونسا وجود وجود حقیقی ہوتا ہے؟
(a)وجود فی الاذھان (b)فی الاعیان (c)فی الکتابۃ (d)فی العبارۃ
28۔ جب قرآن کو مخلوق کی صفات سے موصوف کیا جاتا ہے؟
(a)الفاظِ مخیّلہ (b)حروف مسموعہ (c)اشکال الکتابۃ (d)تمام
29۔ آئمہ اصولیین نے قرآن پاک کو کس کا نام بنایا؟
(a)نظم کا (b)معنٰی کا (c)نظم و معنٰی کا (d)مفہوم کا
30۔ کس کے نزدیک کلام نفسی کو سننا جائز ہے؟
(a)ابوالحسن اشعری (b)ابو منصور ماتریدی (c)استاد ابو اسحاق (d)علامہ خیالی
31۔ "حتیٰ یسمع کلام اللہ" اس آیت کا مطلب ہے؟
(a)کلام نفسی سنا (b)کلام نفسی بواسطہ کلام لفظی سنا (c)لوح محفوظ سے پڑھا (d)فرشتے سے سنا
32۔ حضرت موسیٰ علیہ السلام کے ساتھ "کلیم" کیوں خاص کیا؟
(a)کلام نفسی سننے کی وجہ سے (b)فرشتے سے سننے کی وجہ سے (c)بلاواسطہ سننے کی وجہ (d)تمام
33۔ کلام اللہ کن دو معنوں کے درمیان مشترک ہے؟
(a)کلام نفسی و لفظی (b)کتابت وعبارت (c)حروف و اصوات (d)عبارۃ و اشارہ

KANZUL MADARIS BOARD

34۔ قرآن پاک جب" معنیٰ قائم بالنفس" کا نام ہو گا، تو کس حیثیت سے ہو گا؟

(a)باعتبار دلالت (b)باعتبار ذات (c)بواسطہ (d)بغیرہ

35۔ ہمارے مشائخ کا قول "کلام اللہ معنیٰ قدیم ہے" یہ کس کے مقابلے میں ہے؟

(a)عین (b)لفظ (c)مدلول اللفظ (d)مفہوم اللفظ

36۔ بسم اللہ میں "س" کے تلفظ سے پہلے باء کا تلفظ ختم ہونا۔۔۔۔۔ہے؟

(a)ضروری (b)محال (c)جائز (d) کبھی ضروری کبھی محال

37۔ قدم وحدوث کے اعتبار سے مقروّاور قرأت ہے؟

(a)دونوں حادث (b)دونوں قدیم (c)پہلا قدیم دوسرا حادث (d) تیسرے کا برعکس

38۔ بعض مشائخ کی عبارت میں واقع ہوا کہ کلام لفظی، مجاز ہے تو یہاں مجاز سے مراد ہے؟

(a)المستعمل فی المعنیٰ الغیر الموضوع لہٗ (b)وضع لمعنیٰ بواسطۃ شیءآخر (c)المستعمل فی المعنیٰ الموضوع لہٗ (d)تمام

39۔ مرادھم أَنَّ القرآن اسم۔۔۔۔و۔۔۔۔۔

(a)کتابت وعبارت (b)لفظ ونظم (c)لفظ ومعنیٰ (d) معنیٰ ومدلول

40۔ وہ کلام جو نفس حافظ کے ساتھ قائم ہے وہ۔۔۔۔ہے؟

(a)الفاظ منقوشہ (b)مرتب الاجزاء (c)غیر مرتب الاجزاء (d)مؤلف من الفاظ مخیلہ

## صفۃ التکوین

41۔ تکوین کو کس کے ساتھ تعبیر کیا جاتا ہے؟

(a)خلق (b) تخلیق (c)ایجاد (d)تمام کے ساتھ

42۔ عالم کو پیدا کرنے والا ہے؟

(a)مکوِّن للعالم (b)مکوَّن للعالم (c)حادث (d) تکوین

43۔ تکوین کے ازلی ہونے کی کتنی وجوہات ہیں؟

(a) 2 (b) 3 (c) 4 (d) 5

44۔ اللہ پاک کے کلام میں لفظ خالق کو مجاز کی طرف عدول کیوں نہیں کرسکتے؟

(a)مستعمل الحقیقت ہونے کی وجہ سے (b)متعذر الحقیقت ہونے کی وجہ سے (c)غیر متعذر الحقیقت ہونے کی وجہ سے (d)تمام وجوہ سے

45۔ ہر جسم کی تکوین اسی کے ساتھ قائم ہے، کس کا مؤقف ہے؟

(a)اشاعرہ (b)ماتریدیہ (c)علامہ خیالی (d)ابو ھذیل

46۔ اشاعرہ (قائلین) کے نزدیک تکوین۔۔۔۔۔۔۔ہے؟

(a)قدیم (b)صفت حقیقی (c)صفت اعتباری (d)تمام

47۔ ماتریدیہ کے نزدیک مکوَّن کس وجہ سے حادث ہے؟

(a)تکوین کے حدوث کی وجہ سے (b)تعلق کے حدوث کی وجہ سے (c)تکوین کے قدیم ہونے کی وجہ سے (d)تعلق کے قدیم ہونے کی وجہ سے

48۔ "فالحادث مالوجودہ بدایۃ" یہ تعریف کس کے نزدیک ہے؟

(a)اشاعرہ (b)ماتریدیہ (c)فلاسفہ (d)تمام

49۔ "فان الضرب صفۃ اضافیۃ لایتصور بدون المضافین" میں مضافین سے کیا مراد ہے؟

(a)ضارب و مضروب (b)ضرب و مضروب (c)ضرب و ضارب (d)ضرب و تکوین

50۔ تکوین۔۔۔۔۔۔ہے؟

(a)عین اضافت (b)مبداء اضافت (c)عین نسبت (d)اعتبار

51۔ ماتریدیہ کے نزدیک تکوین۔۔۔۔۔۔۔ہے؟

(a)عین مکوَّن (b)غیر مکوَّن (c)عین مکوِّن (d)غیر تکوین

52۔ فعل اور مفعول بالضرورۃ۔۔۔۔۔۔ہے؟

(a)متساوی (b)مترادف (c)متغایر (d)متوافق

53۔ فعل اور مفعول کے تغایر پر بات کرنا۔۔۔۔۔۔ہے؟

(a)تنبیہات (b)تاکیدات (c)تقویت (d)دلیلیں

54۔ جس نے کہا کہ تکوین عین مکوَّن ہے تو اس نے مراد لیا کہ جب فاعل کوئی کام کرے گا تو اس وقت خارج میں کتنی چیزیں ہوں گی؟

(a) 2 (b) 3 (c) 4 (d) 5

55۔ ماہیت اور وجود خارج۔۔۔۔۔۔ہے؟

(a)متساوی (b)مترادف (c)متغایر (d)متوافق

56۔ ذات باری تعالیٰ سے اشیاء کا تکوّن کس بات پر موقوف ہے؟

(a)امر اعتباری (b)صفت اضافی (c)صفت حقیقی قائم بالذات (d)صفت حقیق قائم بغیرہ

## ارادہ

57۔ارادہ کے مطابق قدرت کے تعلق کی نسبت جب قادر کی طرف کی جائے تو یہ نسبت۔۔۔۔۔ہو گی؟

(a)ایجاد (b)تکوین (c)تصویر (d)تقدیر

58۔فلاسفہ کے نزدیک اللہ پاک۔۔۔۔ہے؟

(a)فاعل بالارادہ (b)فاعل بالاختیار (c)موجب بالذات (d)مرید بذاتہ

59۔ذات باری تعالیٰ کا ارادہ کس کے نزدیک حادث فی ذاتہ ہے؟

(a)معتزلہ (b)فلاسفہ (c)نجاریہ (d)کرامیہ

60۔نظام عالم کا بہترین طریقے پر چلنا اس بات پر دلیل ہے کہ صانع۔۔۔۔۔۔ہے؟

(a)قادر و مختار (b)موجب بالذات (c)موجود نہیں (d)ایک سے زائد

## رؤیۃ اللہ

61۔رویۃ اللہ کس معنیٰ میں ہے؟

(a)انکشاف تامّ (b)انکشاف ناقص (c)انکشاف عام (d)انکشاف خاص

62۔اہل حق نے امکان رؤیت پر کتنی طرح کی دلیلیں دی؟

(a) 2 (b) 3 (c) 4 (d)5

63۔صانع اور مصنوع کے درمیان رؤیت کی علت مشترکہ کیا ہے؟

(a)حدوث (b)امکان (c)قدیم ہونا (d)وجود

64۔۔۔۔۔۔۔کی رؤیت ممکن ہے؟

(a)ذات باری کی (b)عالم کی (c)اصوات وطعوم کی (d)سب کی

65۔جب ہم دور سے کسی پرچھائی کو دیکھتے ہیں تو اولاً ہمیں کس چیز کا ادراک ہوتا ہے؟

(a)ھویۃً ما (b)جوہریۃ (c)انسانیت (d)عرضیت

66۔موسیٰ علیہ السلام سے اللہ پاک سے کس چیز کا سوال کیا؟

(a)کلام کا (b)رؤیت کا (c)سخاوت کا (d)سماعت کا



KANZUL MADARIS BOARD

67۔اعیان واعراض میں وجود کا اشتراک۔۔۔ہے؟

(a)نظری (b)فکری (c)ضروری (d)ممتنع

68۔رؤیت باری تعالیٰ پر سمعی دلیل کیا ہے؟

(a)حضرت موسیٰ کا قول (b)حضرت عیسیٰ کا قول (c)صانع اور مصنوع میں علت مشترکہ (d)تمام

69۔حرکت اور سکون کا اجتماع۔۔۔۔۔۔۔۔۔ہے؟

(a)جائز (b)ممکن (c)ضروری (d)ممتنع

70۔حضرت موسیٰ نے رؤیتباری تعالیٰ کا سوال کیوں کیا؟

(a)دیدارِ الٰہی کے لیے (b)دیدار کے امکان کے علم کے لیے (c)قوم کو رؤیت کے ممتنع ہونے کی خبر دینے کے لیے (d)تینوں وجوہات کی بناء پر

71۔رؤیت باری تعالیٰ نقلاً(سمعی طور پر) ۔۔۔۔۔۔۔ہے؟

(a)جائز (b)ممکن (c)واجب (d)محال

72۔رؤیت باری تعالیٰ پر دلیل سمعی کن چیزوں سے ثابت ہے؟

(a)قرآن وسنت (b)سنت واجماع (c)قرآن واجماع (d)قرآن، سنت اور اجماع

73۔رؤیت باری تعالیٰ میں ذات باری تعالیٰ کی رؤیت ہو گی؟

(a)مکان، جہت اور رائی کے مقابلے میں (b)مرئی کے ساتھ اتصال شعاع سے (c)بلا مکان، بلا جہت اور بلا مقابلہ (d)تمام

74۔رؤیت کس وجہ سے ہوتی ہے؟

(a)حاسۃ البصر کی سلامتی کی وجہ سے (b)اجتماع شرائط کی وجہ سے (c)خلق اللہ کی وجہ سے (d)کوئی نہیں

75۔" لا تدرکہ الابصار میں الف لام کونسا ہے؟

(a)عہد خارجی (b)جنسی (c)عہد ذہنی (d)استغراقی

76۔"لا تدرکہُ الابصار" سے کیا حاصل ہو گا؟

(a)تمدّح (b)تشکّر (c)تحکّم (d)تھکّم

KANZUL MADARIS BOARD

77۔سوال رؤیت کے بارے میں وارد ہونے والی آیات میں استعظام واستکبار کس وجہ سے ہے؟

(a)رؤیت کے وجوب کی وجہ سے (b)رؤیت کے امتناع کی وجہ سے (c)تعنّت وعناد کی وجہ سے (d) تمام

78۔کن صحابہ کرام نے فرمایا کہ حضور ﷺ نے معراج کی رات اللہ پاک کو بعینہ دیکھا؟

(a)ابن عباس وابوذر (b)ابن مسعود (c)حضرت عائشہ (d)ان سب نے

## افعال العباد

79۔ اللہ پاک بندوں کے افعال کا۔۔۔۔۔ہے؟

(a) خالق (b) محل (c) کاسب (d) محتاج

80۔ معتزلہ کے نزدیک بندہ اپنے افعال کا۔۔۔۔۔۔ہے؟

(a) مجبوب (b) خالق (c) قادر (d) مالک

81۔ اوائل میں معتزلہ اکتفاء کرتے تھے، کن الفاظ پر؟

(a) مخترع (b) خالق (c) مالک (d) قادر

82۔ معتزلہ کو گمراہ کہنے میں کن مشائخ نے غلو (مبالغہ) کیا ہے؟

(a) مشائخ ہند (b) مشائخ مدینہ (c) ماراء النہر (d) مشائخ پاک وہند

83۔ " ان المجوس اسعد حالا منھم " کن کا قول ہے؟

(a) مشائخ ماوراء النہر (b) علماء بغداد (c) علماء مدینہ (d) علماء پاکستان

84۔ "واذا تخلق من الطین" اس آیت میں خلق بمعنیٰ۔۔۔۔۔ہے؟

(a) بخلق (b) خلق (c) تقدیر (d) تمام

85۔ ماشی کی حرکت ہوتی ہے؟

(a) مجازی (b) جبری (c) اختیاری (d) غیر اختیاری

86۔ مرتعش کی حرکت ہوتی ہے؟

(a) دائمی (b) اختیاری (c) غیر اختیاری (d) کبھی کوئی، کبھی کوئی

87۔ سواد و بیاض ہونا صفات ہیں؟

(a) جسم کی (b) روح کی (c) دونوں کی (d) عرض کی

88۔ ہمارے نزدیک ارادہ و مشیت ہیں؟

(a) ہم معنیٰ (b) متضاد (c) مختلف (d) مشکل

89۔ رضاء بالقضاء۔۔۔۔۔۔۔۔۔ہے؟

(a) واجب (b) سنت (c) حرام (d) مستحب

KANZUL MADARIS BOARD

90۔رضاء بالکفر۔۔۔۔۔ہے؟

(a)اسلام (b)کفر (c)مباح (d)ایمان

91۔معتزلہ کے نزدیک اللہ پاک نے کافر سے بھی۔۔۔۔کا ارادہ فرمایا ہے؟

(a)کفر کا (b)ایمان کا (c)نفاق کا (d)اطاعت کا

92۔معتزلہ کے نزدیک اللہ پاک نے فاسق سے بھی۔۔۔۔کا ارادہ فرمایا ہے؟

(a)کفر کا (b)ایمان کا (c)نفاق کا (d)اطاعت کا

93۔ قبیح کا کسب۔۔۔۔ہوتا ہے؟

(a)لائق تحسین (b)قبیح (c)حلال (d)فرض

94۔معتزلہ کے نزدیک امر (حکم الٰہی)۔۔۔۔کو مستلزم ہوتا ہے؟

(a)نھی (b)اثبات (c)ارادہ (d)مشیت

95۔معتزلہ کے نزدیک نہی۔۔۔۔کو مستلزم ہوتا ہے؟

(a)نھی (b)اثبات (c)ارادہ (d)عدم ارادہ

96۔ شنیع کا معنٰی۔۔۔۔۔۔ہے؟

(a)جرأت (b)معافی (c)غیرت (d)تمام

97۔معتزلہ کے نزدیک قبیح کا ارادہ بھی۔۔۔۔۔ہے؟

(a)حلال (b)حرام (c)قبیح (d)حسن

98۔ماتریدیہ کے نزدیک بندوں کے لیے افعال۔۔۔۔ہیں؟

(a)غیر اختیاریہ (b)اختیاریہ (c)بندے مجبور محض ہیں (d)تمام

99۔جبریہ افعال العباد کے بارے میں رائے رکھتے ہیں کہ وہ۔۔۔۔۔۔ہیں؟

(a)غیر اختیاری (b)اختیاری (c)کبھی اختیاری، کبھی غیر اختیاری (d) تمام

100۔"ونعلم انّ الاوّل (حرکت بطش) ۔۔۔۔۔"

(a)باختیارہ (b)بایجابہ (c)بانکارہ (d)بموجودہ

KANZUL MADARIS BOARD

101۔اگر بندے کے لیے بالکل کوئی فعل نہ ہو تو اس کو مکلف بنانا۔۔۔ہو گا؟

(a) صحیح (b)غلط (c)ضروری (d)کوئی نہیں

102۔نصوص قطعیہ نفی کرتی ہیں، کس چیز کی؟

(a)انسان کے باختیار ہونے کی(b)انسان کے مجبور ہونے کی(c)انسان کے ظالم ہونے کی (d)کوئی نہیں

103۔بندے کی حرکات جمادات کی حرکات کی طرح ہیں، یہ کس کا مؤقف ہے؟

(a)اشاعرہ (b)جبریہ (c)معتزلہ (d)کرامیہ

104۔ان میں سے غیر اختیاری فعل کونسا ہے؟

(a)روزہ رکھنا (b)لمبا ہونا (c)خرچ کرنا (d)لکھنا

105۔وجوب بالاختیار کس کو ثابت کرتا ہے؟

(a)اختیار کو (b)غیر اختیار کو (c)جبر کو (d)واجب کو

106۔کسب اور خلق کس سے واقع ہوتے ہیں؟

(a)دونوں آلہ کے ساتھ (b)دونوں آلہ کے بغیر (c)کسب آلہ سے، خلق بغیر آلہ کے (d)عکس الثالث

107۔جب بندے کی طرف ملک زمین کی نسبت کی جائے تو وہ کس حیثیت سے ہو گی؟

(a)تکوین (b)خلق (c) تخلیق (d)تصرّف

108۔اللہ پاک کی رضاء کے ساتھ متعلق ہے؟

(a)حسن (b)قبیح (c)حسن و قبیح (d) نہ حسن، نہ قبیح

109۔ارادہ اور مشیت۔۔۔۔۔کے ساتھ متعلق ہوتے ہیں؟

(a)حسن (b)قبیح (c)حسن، قبیح (d)نہ حسن، نہ قبیح

KANZUL MADARIS BOARD

## استطاعت

110۔استطاعت فعل سے پہلے ہوتی ہے، کس کا مؤقف ہے؟

(a)اشاعرہ (b)ماتریدیہ (c)معتزلہ (d)کرامیہ

111۔جمہور کے نزدیک استطاعت کیا ہے؟

(a)شرط (b)علت (c)فرض (d)واجب

112۔استطاعت عرض ہے اور عرض کی بقاء۔۔۔۔ہے؟

(a)واجب (b)ممتنع (c)جائز (d)اختیاری

113۔استطاعت کا نام کسپر واقع ہو تا ہے؟

(a) سلامت اسباب (b)سلامت آلات (c)سلامت جوارح (d)تمام

114۔جس فعل کیوجہسے بندہ دنیامیں مدح اور آخر تمیں ثواب کا مستحق ہو،اس فعل کو کہتے ہیں؟

(a)فعل مباح (b)فعل حسن (c)فعل قبیح (d)غیر ذٰلک

115۔افعال عباد کا خالق اللہپاکہے،اس پر اہل حق نے کتنید لیلیں دی؟

(a)دو (b)تین (c)چار (d)پانچ

116۔"متصف بالشیء"کو نہو تا ہے؟

(a)من قام بہالشیء (b)من أوجد الشیء (c)صفت (d)تمام

117۔"عبارۃ عن الفعل مع زیادۃ احکام"کس کی تعریف ہے؟

(a)رضیت (b) قضیت (c) حکم (d) تقدیر

118۔"تحدید کلّ مخلوق بحدّہ الذی یوجد من حسن وقبح و نفع وضرر" کس کی تعریف ہے؟

(a)رضیت (b) قضیت (c) حکم (d) تقدیر

119۔اللہ پاک نے کافر سے کس بات کا ارادہ کیا؟

(a) طاعت (b) کفر (c) ایمان (d) نفاق

120۔مجوسی والا واقعہ کس سے حکایت کیا گیا؟

(a)نظام معتزلی (b)عمرو بن عبید (c) اخطل (d) فراز

KANZUL MADARIS BOARD

# أجوبة المعروضى

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| b. | 91 | a. | 61 | b. | 31 | d. | 1 |
| d. | 92 | a. | 62 | c. | 32 | d. | 2 |
| b. | 93 | d. | 63 | a. | 33 | d. | 3 |
| c. | 94 | d. | 64 | b. | 34 | d. | 4 |
| d. | 95 | a. | 65 | a. | 35 | a. | 5 |
| a. | 96 | b. | 66 | a. | 36 | a. | 6 |
| c. | 97 | c. | 67 | c. | 37 | b. | 7 |
| b. | 98 | a. | 68 | b. | 38 | d. | 8 |
| a. | 99 | d. | 69 | c. | 39 | d. | 9 |
| a. | 100 | a. | 70 | c. | 40 | b. | 10 |
| b. | 101 | c. | 71 | d. | 41 | b. | 11 |
| b. | 102 | d. | 72 | a. | 42 | c. | 12 |
| b. | 103 | c. | 73 | c. | 43 | c. | 13 |
| b. | 104 | c. | 74 | a. | 44 | b. | 14 |
| a. | 105 | d. | 75 | d. | 45 | d. | 15 |
| c. | 106 | a. | 76 | c. | 46 | c. | 16 |
| d. | 107 | c. | 77 | b. | 47 | b. | 17 |
| a. | 108 | a. | 78 | b. | 48 | c. | 18 |
| c. | 109 | a. | 79 | a. | 49 | d. | 19 |
| c. | 110 | b. | 80 | b. | 50 | c. | 20 |
| a. | 111 | a. | 81 | b. | 51 | d. | 21 |
| b. | 112 | c. | 82 | c. | 52 | b. | 22 |
| d. | 113 | a. | 83 | a. | 53 | c. | 23 |
| b. | 114 | c. | 84 | a. | 54 | c. | 24 |
| a. | 115 | c. | 85 | c. | 55 | d. | 25 |
| a. | 116 | c. | 86 | c. | 56 | c. | 26 |
| b. | 117 | a. | 87 | b. | 57 | b. | 27 |
| d. | 118 | a. | 88 | c. | 58 | d. | 28 |
| b. | 119 | a. | 89 | d. | 59 | c. | 29 |
| b. | 120 | b. | 90 | a. | 60 | a. | 30 |

KANZUL MADARIS BOARD

## ☆حصہ انشائیہ (80٪)☆

### صفۃ الکلام

1۔صفۃ کلام ازلی ہے یا حادث نیز اس کو کس سے تعبیر کرتے ہیں؟

2۔وہ کلام جو صفات الٰہیہ میں شمار ہوتا ہے اس سے کیا مراد ہے؟

3۔مخبر اپنے دل میں پائے جانے والے معنٰی پر کس چیز سے دلالت کرتا ہے؟

4۔معنیٰ نفسی علم اور ارادہ کا غیر کیسے ہے؟

5۔کلام نفسی کے وجود پر دو دلیلیں دیں؟

6۔ماتریدیہ کے نزدیک کتنی اور کون کونسی صفات باری تعالیٰ ہیں؟

7۔اللہ پاک جس کلام کے ساتھ متکلم ہے وہ کلام، اللہ پاک کی صفت ہے یا نہیں؟ اگر ہے تو کیوں؟

8۔حنابلہ اور کرامیہ کا کلام اللہ کے جنس الاصوات والحروف سے ہونے یا نہ ہونے کے اعتبار سے کیا مؤقف ہے؟

9۔سکوت اور آفت کی تعریف کریں؟

10۔سکوت اور آفت تو کلام لفظی میں پایا جاتا ہے تو یہاں کلام نفسی کے ساتھ کیوں ذکر کیا؟

11۔" صفت کلام "امر، نہی اور استفہام کی طرف نسبت کرتے ہوئے متکثر کیوں ہوتے ہیں؟

12۔صفت کلام کا وجود ان اقسام کے بغیر نہیں سمجھا جاتا تو کیا یہ فی نفسہ متکثر ہوں گی؟

13۔امام رازی کے نزدیک امر، نہی اور استفہام ازل میں کیا تھے اور کیسے تھے؟

14۔معتزلہ کا شبہ ہے کہ کلام ازل میں ہوتا تو امر بلا مامور اور نہی بلا منھی عنہ لازم آئے گا جو کہ عبث ہے اس کا جواب تحریر کریں؟

15۔کیا اللہ پاک کی طرف ماضی کی نسبت کر سکتے ہیں؟

16۔"والقرآن کلام اللہ تعالیٰ غیر مخلوق" کی جگہ "القرآن غیر مخلوق" کیوں نہ کہا؟

17۔غیر حادث کی جگہ غیر مخلوق کیوں کہا؟



KANZUL MADARIS BOARD

18۔ معتزلہ اور ہمارے درمیان کلام نفسی کے بارے میں کیا اختلاف ہے؟

19" فإنما يكون الحجة على الحنابلة لا علينا"عبارت کی وضاحت کریں؟

20حنابلہ نے حروف واصوات سے مؤلف قرآن کو قدیم کیوں کہا؟

21جب معتزلہ اللہ پاک کے متکلم ہونے کا انکار نہ کر سکے تو وہ کس طرف گئے؟

22۔ قرآن پاک کی عربی تعریف لکھیں؟

23۔ متحرک کون ہوتا ہے؟

24۔کلام اللہ معنیٰ قدیم ہے تو مکتوب فی المصاحف اور محفوظ فی قلوبنا کا کیا مطلب ہو گا؟

25۔کیا کلام اللہ کسی چیز میں حلول کر سکتا ہے، اگر کر سکتا ہے تو کس میں؟

26۔کلام نفسی کے انکار کے بارے میں معتزلہ کا اقویٰ شبہ کیا ہے؟

27۔ کسی چیز کے کتنے اور کون کونسے وجود ہوتے ہیں؟

28۔ جب قرآن کو لوازم القدیم سے موصوف کیا جائے گا تو کیا مراد ہو گا؟

29۔ جب قرآن کو لوازم الحدوث سے موصوف کیا جائے گا تو کیا مراد ہو گا؟

30۔ " النار جوھر مضیء محرق" اس مثال کو کیوں ذکر کیا؟

31۔ ابوالحسن اشعری، ابو منصور ماتریدی اور استاد ابو اسحاق کے درمیان کلام نفسی کو سننے یا نہ سننے کے بارے میں مؤقف بیان کریں؟

32۔ حضرت موسیٰ کے ساتھ کلیم اللہ کا لفظ کیوں خاص کیا؟

33۔ اگر کہا جائے کہ کلام اللہ نظم مؤلف میں نظم مجاز اور مجاز سے کلام اللہ کی نفی کرنا درست ہو گا حالانکہ یہ بات اجماع کے خلاف ہے، جواب تحریر کریں؟

34۔ بعض مشائخ کی عبارت میں کلام اللہ مجاز ہے یہاں مجاز سے کیا مراد ہے؟

35۔ "کلام اللہ معنیٰ قدیم "مشائخ کی عبارت کس کے مقابلے میں ہے؟

KANZUL MADARIS BOARD

36۔ تلفظ کے حادث ہونے پر عقلی دلیل دیں؟

37۔ قدم وحدوث کے اعتبار سے محفوظ اور حفظ، مسموع اور سماعت، مقروّ اور قرأت میں کیا فرق ہے؟

38۔ کلام کا مرتب الاجزاء ہونے سے کیا مراد ہے؟

39۔ ترتّب کس کلام میں حاصل ہوتا ہے؟

40۔ وہ کلام جو نفس حافظ کے قائم ہے وہ کس صورت میں ہوتا ہے؟

## صفۃ التکوین

41۔ تکوین کی تفسیر کس سے کی جاتی ہے؟

42۔ تکوین کو کن الفاظ کے ساتھ تعبیر کیا جاتا ہے؟

43۔ تکوین کتنی اور کونسی وجوہ کے ساتھ ازلی ہے؟

44۔ تکوین کی چار اضافات کے نام لکھیں؟

45۔ عالم کے وجود کا ذات باری تعالیٰ کے ساتھ تعلق ہونے یا نہ ہونے کی صورتیں بیان کریں اور کونسی صورت درست ہے؟

46۔ فلاسفہ کے نزدیک حادث اور قدیم کی تعریف لکھیں؟

47۔ متکلمین کے نزدیک حادث اور قدیم کی تعریف لکھیں؟

48۔ " تکوینہ للعالم ولکل جزء من اجزائہ " سے کس کا ردّ کیا؟

49۔ قدم وحدوث کے اعتبار سے ضرب اور تکوین میں فرق بیان کریں؟

50۔ مکوَّن حادث ہے یا قدیم؟ وجہ بیان کریں۔

51۔ تکوین کا مکوَّن کے عین یا غیر ہونے کے بارے میں اختلاف لکھیں؟

52۔ تکوین کے غیر مکوَّن ہونے پر دو تنبیہات لکھیں؟

53۔ فعل اور مفعول کے تغایر پر دلیل کیوں نہیں دے سکتے؟

KANZUL MADARIS BOARD

54۔ جس نے کہا "التکوین عین المکوَّن" تو اس سے کیا مراد لیا؟

55۔ ماہیت اور وجود خارج ایک ہے یا متغایر؟ ثابت کریں۔

## ارادہ

56۔ مقدور کے وجود کے ساتھ، ارادہ کے مطابق قدرت کے تعلق کی نسبت قدرت، قادر یا خصوصیات مقدورات کی طرف کی جائے تو اس نسبت کو کیا نام دیا جائے گا؟

57۔ ماوراء النھر کے تکوین کے امر اعتباری یا صفت حقیقی ہونے کے اعتبار سے کیا مؤقف ہے؟

58۔ اللہ پاک کے مرید (مشتق من ارادۃ) ہونے کے بارے میں فلاسفہ کا مؤقف لکھیں؟

59۔ اللہ پاک کے مرید (مشتق من ارادۃ) ہونے کے بارے میں کرامیہ کا مؤقف لکھیں؟

60۔ اللہ پاک کے مرید (مشتق من ارادۃ) ہونے کے بارے میں معتزلہ کا مؤقف لکھیں؟

61۔ اللہ پاک کے مرید (مشتق من ارادۃ) ہونے کے بارے میں نجّاریہ کا مؤقف لکھیں؟

## رؤیۃ اللہ

62۔ " رؤیت اللہ بالبصر" کس معنٰی میں ہے؟

63۔ رؤیت عقلاً جائز ہے یا نہیں؟

64۔ اہل حق نے امکان رؤیت پر کتنی طرح کی دلیلیں دی؟

65۔ صانع تعالیٰ کو دیکھنے کی علت کیا ہے، اور یہاں علت سے کیا مراد ہے؟

66۔ کیا ایک چیز کی مختلف علتیں ہو سکتی ہیں؟

67۔ صحت رؤیت عدمی ہے یا وجودی؟ ثابت کریں۔

68۔ امکان رؤیت پر عقلی دلیل بیان کریں؟

69۔ طعوم، روائح اور اصوات کی رؤیت ممکن ہے یا نہیں، اگر ممکن ہے تو رؤیت نہ ہونے کی وجہ؟

KANZUL MADARIS BOARD

70۔صاحب المواقف نے حضرت موسیٰ کے سوال رویت کی کیا وجہ بیان کی؟

71۔رؤیت باری تعالیٰ پر قرآن سے دلیل دیں؟

72۔رؤیت باری تعالیٰ پر حدیث سے دلیل دیں؟

73۔"واقویٰ شبههم من العقلیات أنّ الرؤیۃمشروطۃ"اعتراض تحریر کریں؟

74۔"قیاس الغائب علی الشاھد" سے کونسا شبہ دور کیا گیا؟

75۔کیا رؤیت باری تعالیٰ اجماع امت سے ثابت ہے؟

76۔"لا تدرکہ الابصار" میں الف لام کونسا ہے؟

77۔"انہ سفسطۃ"کا سیاق کلام بیان کریں؟

78۔"لا تدرکہ الابصار" اس آیت سے کیا حاصل ہوا؟

79۔رؤیت کس چیز سے ثابت ہوتی ہے؟

80۔رؤیت کے سوال میں وارد ہونے والی آیات میں حضرت موسیٰ کی قوم کے لیے استعظام واستکبار کیوں کہا گیا؟

81۔معراج کی رات حضور ﷺ نے سر کی آنکھوں سے اللہ پاک کا دیدار کیا یا نہیں؟

## افعال العباد

82۔ایمان، طاعت اور کفر، عصیان کا خالق کون ہے؟

83۔کس نے سب سے پہلے بندے کے لیے لفظ خالق کا استعمال کیا؟

84۔اللہ پاک بندے کے افعال کا خالق ہے، اہل حق نے اس پر کتنی دلیلیں دیں؟ شرح عقائد کی روشنی میں لکھیں

85۔بندے کے افعال کا خالق اللہ پاک ہے، اس پر عقلی دلیل کیا ہے؟

86۔بندے کے افعال کا خالق اللہ پاک ہے، اس پر قرآنی دلیل پیش کریں۔

87۔ماشی اور مرتعش کی حرکت میں کیا فرق ہے؟

88۔مشائخ ماوراء النھر نے معتزلہ کی تضلیل کیسے مبالغہ کیا؟

89۔ کس فرقہ کے نزدیک انسان مجبورِ محض ہے؟

90۔ سواد اور بیاض کس کی صفات ہیں؟ جسم کی یا روح کی اختصاراً تحریر کریں۔

91۔"واذ تخلق من الطين كهيئة الطير"میں "تخلق" کس معنیٰ میں ہے؟

92۔" قضیۃ" کی تعریف کریں۔

93"تقدیر" کی شرح عقائد کی روشنی میں تعریف قلمبند کریں۔

94۔" کفر" مقضیّ ہے یا قضاء وضاحت کریں۔

95۔ معتزلہ کے نزدیک کافر اور فاسق سے اللہ پاک نے کس چیز کا ارادہ کیا؟

96۔ مجوسی کے کس قول پر عمرو بن عبید ہکا بکارہ گیا؟

97۔ معتزلہ کے نزدیک امر اور نہی کس کو مستلزم ہیں؟

98۔" صلّیٰ "،" صَام َ" اور "طال الغلام"میں فرق بیان کریں۔

99۔" وللعباد افعال اختيارية يثابون بها ويعاقبون بها"مذکورہ عبارت پر اعراب لگا کر وضاحت کریں۔

100۔ وجوب بالاختیار کس بات کو ثابت کرتا ہے؟

101۔ "فعل" اللہ اور بندے کا مقدور کس جہت سے ہے؟

102۔ کسب اور خلق میں سے کیا آلہ سے واقع ہوتا ہے؟

103۔ فعل حسن کی تعریف سپرد قلم کریں۔

104۔ فعل قبیح کی تعریف زینتِ قرطاس کریں۔

105۔ ارادہ، مشیت اور تقدیر فعل حسن سے متعلق ہوتے ہیں یا فعل قبیح سے؟

106۔ رضاء، محبت اور امر فعل حسن سے متعلق ہوتے ہیں یا فعل قبیح سے؟

## استطاعت

107۔ استطاعت کی تعریف لکھیں؟

KANZUL MADARIS BOARD

108۔ معتزلہ اور جمہور کے نزدیک "استطاعت" قبل الفعل ہے یا مع الفعل؟

109۔ جمہور کے نزدیک "استطاعت" علت ہے یا شرط؟

110۔ کیا کافر، حق کو سننے کی استطاعت رکھتا ہے؟

111۔ اگر استطاعت قبل الفعل ہو تو کیا خرابی واقع ہوتی ہے؟

112۔ تجدد امثال کسے کہتے ہیں؟

113۔ استطاعت کا اسم کس پر واقع ہوتا ہے؟

114۔ صحت تکلیف کس بات پر معتمد ہے؟

115۔ امام اعظم کے نزدیک قدرت " ضدین (کفر وایمان)" کی صلاحیت رکھتی ہے یا نہیں۔

116۔" لا اختلاف الّا فی التعلق " اس عبارت کی وضاحت کریں؟

117۔ کیا کافر، ایمانپر قدرت رکھتا ہے؟ نیز وہ اپنے اختیار کو کیسے ضائع کرتا ہے؟

118۔ جو چیز بندے کی وسعت میں نہیں ہے کیا بندہ اس کا بھی مکلّف ہوتا ہے؟

119۔ اللہ پاک کا قول" أنبؤنی بأسماء ھؤ لاء "تکلیف کے لیے ہے یا تعجیز کے لیے۔

120۔" ربنا ولا تحملنا ما لا طاقة لنابه "اس آیت میں" تحمیل" سے کیا مراد ہے؟

121۔ معتزلہ اور اشاعرہ کے مابین عاجز کو مکلف بنانا قبح عقلی ہے یا نہیں؟

122۔ کیا ہر ممکن چیز کا ہونا ضروری ہے؟

123۔" مایوجد من الألم فی المضروب عقیب ضرب انسان" عبارت کی وضاحت زینتِ قرطاس کریں؟

124۔ "لا صنع للعبد فی تخلیقه" شارح کے نزدیک لفظ" تخلیق" کی قید کیوں نہیں لگانی چاہیے؟

125۔ مقتول وقت مقدّر پر مرتا ہے یا اس سے پہلے؟

126۔ معتزلہ کے نزدیک مقتول وقت مقدّر پر مرتا ہے یا اس سے پہلے؟

127۔ مقتول کی موت اللہ پاک کی تخلیق ہے یا قاتل کی؟



KANZUL MADARIS BOARD

128۔ عند المعتزلہ کیا طاعات سے عمر میں اضافہ ممکن ہے؟

129۔ شارح نے طاعات سے عمر میں اضافے پر جو جواب دیے کوئی ایک نقل کریں۔

130۔ کعبی نے مقتول کی موت کے بارے میں کتنی اور کون کونسی مدتیں بیان کیں؟

## رزق

131۔ رزق کی تعریف لکھیں؟

132۔ کیا حرام بھی رزق ہوتا ہے؟ معتزلہ اور جمہور کا صرف مؤقف بیان کریں۔

133۔ رزق کی کتنی اور کون کونسی اقسام ہیں؟

134۔ کیا کوئی شخص دوسرے کا رزق کھا سکتا ہے؟

## ہدایت وضلالت

135۔" واللہ یضلّ من یشاء و یھدی من یشاء" ہدایت اور ضلالت کس معنٰی میں ہے؟

136۔ ہدایت کی نسبت حضور ﷺ کی طرف کس اعتبار سے کی جاتی ہے؟

137۔ معتزلہ کے نزدیک ہدایت کیا ہے؟

138۔ جمہور کے نزدیک ہدایت کیا ہے؟

139۔ جو بندے کے حق میں بہتر ہے کیا وہ اللہ پر واجب ہے؟

## عذاب القبر

140۔ عذاب قبر کن کے لیے ہے؟

141۔ قبر میں تنعیم کن کے لیے ہے؟

142۔ منکر نکیر کا سوال کرنا کن دلائل سے ثابت ہے؟

143۔ منکر نکیر کون ہیں اور کہاں داخل ہوں گے؟

144۔ منکر نکیر بندے سے کتنے اور کون کونسے سوال کریں گے؟

KANZUL MADARIS BOARD

145۔ عذاب قبر پر حدیث پاک سے دلیل دیں۔

146۔ بعض معتزلہ اور روافض کا عذاب قبر کے بارے کیا مؤقف ہے؟

147۔ کیا پانی میں ڈوبنے والے اور حیوان کے پیٹ میں ماکول کو بھی عذاب ہو گا؟

148۔ عذاب قبر کو علیحدہ سے کیوں ذکر کیا؟ جبکہ عذابِ آخرت کے ساتھ بھی ذکر کیا جاسکتا تھا۔

## البعث والوزن

149۔ "البعث" کی تعریف لکھیں۔

150۔ بعث کے حق ہونے پر قرآن پاک سے دلیل دیں۔

151۔ فلاسفہ نے بعث کا انکار کس بناء پر کیا؟

152۔ بندے کے اجزائے ماکولہ فضلہ ہیں یا اصلی؟

153۔ تناسخ کی تعریف لکھیں۔

154۔ "الوزن" پر قرآن سے دلیل دیں۔

155۔ میزان کیا ہے اور کیا عقل اس کا ادراک کر سکتی ہے؟

156۔ معتزلہ نے وزن کے انکار پر کیا دلیل دی؟

## الکتاب والسؤال والحوض والصراط

157۔ کتاب (اعمال نامہ) مؤمنین اور کفّار کو کیسے دیا جائے گا؟

158۔ کتاب کے حق ہونے پر قرآنی دلیل دیں۔

159۔ معتزلہ کا "کتاب" اور "وزن" کے بارے کیا مؤقف ہے؟

160۔ "السوال حق" سوال کے حق ہونے پر حدیث پاک سے دلیل پیش کریں۔

161۔ حوض کوثر کے ثبوت پر قرآنی دلیل پیش کریں۔

162۔ حوض کوثر کا طول وعرض کتنا ہے؟

KANZUL MADARIS BOARD

163۔حوض کوثر کے رنگ،خوشبو اور پیالوں کی نوعیت بیان کریں۔

164۔"والصراط حق" صراط کی تعریف سپردِ قلم کریں۔

165۔معتزلہ نے پل صراط کا انکار کس بناء پر کیا؟

166۔مؤمنین پل صراط کو کس طرح عبور کریں گے؟

## الجنۃ والنار

167۔منکرین نے جنت کا انکار کیسے کیا؟

168۔کیا جنت ودوزخ اب بھی موجود ہیں؟

169۔معتزلہ کا جنت ودوزخ کی تخلیق کے بارے کیا مؤقف ہے؟

170۔جنت کے موجود ہونے پر دلیل دیں؟

171۔کیا جنت کے اب موجود ہونے سے اس کے کھانے کا ہلاک ہونا لازم آئے گا؟واضح کریں۔

172۔کیا جنت ودوزخ اور اس کے رہنے والوں کو فناء ہے؟قرآن سے دلیل پیش کریں۔

173۔جہمیہ کا جنت کی فناء کے بارے میں کیا مؤقف ہے؟

## الکبیرہ

174۔ابنِ عمر کی روایت کے مطابق کبیرہ گناہ کتنے اور کون کونسے ہیں؟

175۔حضرت ابوہریرہ نے ابنِ عمر کی روایت پر کس کبیرہ گناہ کی زیادتی کی؟

176۔حضرت علی نے ابنِ عمر کی روایت پر کس کبیرہ گناہ کی زیادتی کی؟

177۔کبیرہ گناہ کی کوئی دو تعریفیں لکھیں۔

178۔صاحب کفایہ کا صغیرہ اور کبیرہ گناہ کے بارے میں کیا مؤقف ہے؟

179۔کیا کبیرہ گناہ مؤمن کو ایمان سے نکال دیتا ہے؟

180۔کس فرقہ کے نزدیک اعمال ایمان کی حقیقت کا جزء ہے؟

KANZUL MADARIS BOARD

181۔ معتزلہ کے نزدیک کبیرہ گناہ کرنے والے کا کیا حکم ہے؟

182۔ خوارج کا مرتکبِ کبیرہ وصغیرہ کے بارے میں کیا موقف ہے؟

183۔ مرتکب کبیرہ ایمان سے خارج نہیں ہوتا عقلی دلیل دیں۔

184۔ مرتکب کبیرہ ایمان سے خارج نہیں ہوتا قرآن سے ثابت کریں۔

185۔ بلاتوبہ مرتکبِ کبیرہ مرنے والے کے لیے جمہور کے نزدیک مغفرت کی دعا کرنا اور اسکی نماز پڑھنا جائز ہے یا نہیں؟

186۔ حسن بصری کے نزدیک کبیرہ گناہ کرنے والا کون ہے؟

187۔ مرتکب کبیرہ کو معتزلہ نے کافر کیسے ثابت کیا؟

188۔" أفمن كان مؤمناً كمن كان فاسقاً" میں فاسق سے کیا مراد ہے؟

189۔" ولا يزني الزاني وهو مؤمن" یہاں پر مؤمن سے کیا مراد ہے؟

190۔ خوارج نے فاسق کے کافر ہونے کے بارے میں کونسی قرآنی دلیل پکڑی؟

191۔ خوارج نے عذاب کو کافر کے ساتھ مختص کیا تو اس پر کیا دلیل دی؟

192۔ کیا خوارج کا شمار اجماع میں ہوتا ہے؟

## واللہتعالیٰلا یغفرأنیشرکبہ

193۔ اللہ پاک شرک کو نہیں بخشے گا یہ کس اصول شرح سے ثابت ہے؟

194۔ شرک کو بخشا عقلاً جائز ہے یا نہیں؟

195۔ جنہوں نے کہا کہ شرک کو بخشا عقلاً جائز ہے انہوں نے اسے کیسے ثابت کیا؟

196۔ معتزلہ کے نزدیک کیا اللہ پاک صغیرہ و کبیرہ گناہ کو بغیر توبہ کے معاف فرمادے گا یا نہیں؟

197۔ مرتکبِ کبیرہ کے بغیر توبہ مرجانے پر بخشش نہ ہونے پر معتزلہ نے کتنی طرح کی دلیلیں دیں؟

198۔ جو احادیث کبیرہ گناہ کے کرنے والے کے عذاب پر وارد ہوئیں تو وہ وقوع پر دلالت کرتی ہیں یا وجوب پر؟

199۔ کیا صغیرہ گناہ پر عذاب دینا جائز ہے؟ اس پر قرآنی دلیل پیش کریں۔

KANZUL MADARIS BOARD

200۔بعض معتزلہ کا مجتنب الکبائر کو عذاب دینے کے بارے میں کیا موٴقف ہے؟

201۔"ان تجتنبوا کبائر ما تنھون عنہ نکفّر عنکم سیاٰتکم"اس آیت میں "کبائر" سے کیا مراد ہے؟

202۔"ان تجتنبوا کبائر ما تنھون عنہ نکفّر عنکم سیاٰتکم""کبائر" کو جمع کیوں ذکر کیا؟

203۔عفو کی تعریف لکھیں۔

204۔استحلالِ کبیرہ کا حکم بیان کریں۔

205۔استحلالِ کبیرہ کفر کیوں ہے؟

## الشفاعة

206۔شفاعت کرنا کن لوگوں کے لیے ثابت ہے؟

207۔شفاعت کن کے حق میں ثابت ہے؟

208۔شفاعت پر قرآن پاک سے دلیل دیں۔

209۔ "فما تنفعھم شفاعۃ الشافعین"اس آیت سے شفاعت کیسے ثابت ہوتی ہے؟

210۔اہل کبائر کے حق میں شفاعت پر حدیث سے دلیل دیں۔

211۔معتزلہ نے شفاعت کے انکار پر کیا قرآنی دلیل دی؟

212۔" وما للظالمین من حمیم ولا شفیع یطاع"اس آیت سے معتزلہ نے شفاعت کا انکار کیا جواب زینتِ قرطاس کریں؟

213۔شفاعت کن اصول شرع سے ثابت ہے؟

214۔معتزلہ نے شفاعت سے کیا مراد لیا؟

215۔کیا موٴمنین میں سے اہل کبائر ہمیشہ جہنم میں رہیں گے؟

216۔اہل کبائر من الموٴمنین کے جنت میں دخول کو ثابت کریں؟

217۔معتزلہ کے نزدیک جہنمی جہنم سے جنت میں جاسکتے ہیں یا نہیں۔واضح کریں

218۔عند المعتزلہ صاحب کبیرہ جو بغیر توبہ کے مر گیا اس کے ہمیشہ جہنم میں رہنے پر عقلی دلیل کیا ہے؟

219۔" ومن یّقتل مؤمناً متعمداً فجزاءہ جھنم خالداً فیھا" کیا قاتل ہمیشہ جہنم میں رہے گا؟

220۔ "ومن یعص اللہ ورسولہٗ و یتعدّ حدودہ یدخلہٗ ناراً خالداً فیھا" یہاں پر حدود سے کیا مراد ہے؟

221۔" فالخلود یستعمل فی المکث الطویل "عبارت کی وضاحت کریں۔

222۔"ولو سلّم فمعارض بالنصوص الدالّۃ علیٰ عدم الخلود"عبارت کا مفہوم واضح کریں؟

## ایمان

223۔ایمان کا لغوی معنیٰ بیان کریں۔

224۔ایمان کی لغوی تحقیق بیان کریں۔

225۔ایمان حروف جارہ میں سے کس کس کے ساتھ متعدی ہوتا ہے؟ بمع مثال۔

226۔امام غزالی کی تصریح کردہ تصدیق کی حقیقت کیا ہے؟

227۔ابن سینا نے تصدیق کا کیا معنیٰ بیان کیا؟

228۔کیا تصدیق کا معنیٰ حاصل ہونے کے بعد بھی کسی کو کافر کہہ سکتے ہیں؟

229۔ایمان کی اصطلاحی تعریف لکھیں۔

230۔ مشرک جو اللہ پاک کو صانع مانتا ہے وہ کس اعتبار سے مؤمن ہے؟

231۔کیا نیند اور غفلت میں تصدیق باقی رہتی ہے؟

232۔جمہور کے نزدیک اقرار باللسان شرط ہے یا ایمان میں داخل ہے؟

233۔جو تصدیق بالقلب کرے اور اقرار باللسان نہ کرے اس کا حکم بیان کریں؟

234۔نبی کریم صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم اور ان کے اصحاب مؤمنین کے کلمہ شہادت پر قناعت کرلیتے تھے یا پھر اس کے دل کے اندر جو ہے اس کا استفسار کرتے تھے؟

235۔ بعض مقرّ باللسان سے ایمان کی نفی کی مثال دیجئے۔

236۔ کرامیہ کے نزدیک ایمان کی حقیقت کیا ہے؟

237۔ایمان کے بارے میں جمہور محدّثین، متکلّمین اور فقہاء کا کیا مذہب ہے؟

238۔ کیا اعمال میں کمی اور زیادتی ہوتی ہے؟

239۔ کیا ایمان میں کمی اور زیادتی ہوتی ہے؟

240۔ صحتِ اعمال کی شرط کیا ہے؟

241۔ اعمال، ایمان میں داخل نہیں ہیں، اس پر دلیل پیش کریں۔

## ☆تفصیلی سوالات(80٪)☆

1۔ کلام نفسی کے وجود پر دلائل دے کر اللہ پاک کا متکلّم بکلام النفسی ہونا ثابت کریں۔

2۔ امر، نہی اور استفہام متکثر کیوں ہیں؟ سیر حاصل نوٹ تحریر کریں۔

3۔ تکوین کی تعریف لکھیں اور تکوین کے صفت ازلی ہونے کو ثابت کریں۔

4۔ تکوین غیر مکوّن ہے، اس پر مفصّل نوٹ تحریر کریں۔

5۔ ارادہ کے صفت ازلی ہونے کو ثابت کریں اور چار فِرَق باطلہ کا ارادہ کے بارے میں اختلاف تحریر کریں؟

6۔ رؤیت اللہ کا عقلاً ہونے کے بارے میں کیا حکم ہے دلائل سے ثابت کریں۔

7۔ رؤیت اللہ کا نقلاً ہونے کے بارے میں کیا حکم ہے دلائل سے ثابت کریں۔

8۔ بندوں کے افعال کا خالق کون ہے؟ معتزلہ کے کوئی سے دو اعتراضات مع الجواب تحریر کریں۔

9۔ بندے کے افعال اختیاری ہیں یا غیر اختیاری؟ جبریہ کے کوئی سے دو اعتراضات مع الجواب تحریر کریں۔

10۔ استطاعت کی تعریف کریں، استطاعت مع الفعل ہے یا قبل الفعل ہے؟ معتزلہ اور جمہور کا مؤقف و اختلاف دلیل زینتِ قرطاس کریں۔

11۔ کافر کے مکلَّف بالایمان ہونے میں معتزلہ کا کیا مؤقف ہے؟ اختلاف مع الجواب سپردِ قلم کریں۔

12۔ استطاعت کتنے اور کون کونسے معنٰی میں استعمال ہوا ہے؟ بالتفصیل قلمبند کریں۔



KANZUL MADARIS BOARD

13۔ حرام کے رزق ہونے یا نہ ہونے میں معتزلہ اور جمہور کا اختلاف مع الدلائل قلمبند کریں؟

14۔ بندے کے لیے بہتر کرنا اللہ پاک پر واجب ہے یا نہیں؟ دلائل سے ثابت کریں۔

15۔ "ولا یکلّف العبد بما لیس فی وسعہ سواء کان ممتنعا فی نفسہ کجمع الضدّین أو ممکنا کخلق الجسم، وأما ما یمتنع بناء علیٰ أن اللہ تعالیٰ علم خلافہ أو أراد خلافہ کایمان الکافر وطاعۃ العاصی فلا نزاع فی وقوع التکلیف بہ لکونہ مقدور المکلف بالنظر الی نفسہ"

مذکورہ بالا عبارت پر اعراب اور ترجمہ تحریر کریں۔

16۔ منکر نکیر کے سوالات پر دلائل سمعیہ پیش کریں۔

17۔ بعث کے بارے میں قرآن پاک سے دلیل پیش کریں اور فلاسفہ کا اعتراض مع الجواب زینتِ قرطاس کریں؟

18۔ جنت و دوزخ کے اب بھی موجود ہونے یا نہ ہونے میں ہمارا اور معتزلہ کا اختلاف مع الدلائل پیش کریں۔

19۔ کبیرہ گناہ بندے کو ایمان سے خارج کرتا ہے یا نہیں؟ عقلی اور نقلی دلائل سے ثابت کریں۔

20۔ معتزلہ نے مرتکب کبیرہ کے ایمان سے خارج ہونے پر کتنی اور کونکونسی وجوہ سے دلائل دیے؟ بالتفصیل لکھیں۔

21۔ مرتکبِ کبیرہ کو بخشنے اور مرتکبِ صغیرہ کو عذاب نہ دینے کی صورت میں ہمارا اور معتزلہ کا اختلاف مع الدلائل لکھیں۔

22۔ شفاعت کے ثبوت پر دلائل دیں اور کیا شفاعت اہل کبائر کے حق میں ثابت ہے؟ مع الدلائل سپردِ قلم کریں؟

23۔ اہل کبائر جہنم میں ہمیشہ نہیں رہیں گے۔ معتزلہ کے اعتراضات مع الجواب لکھیں۔

KANZUL MADARIS BOARD

24۔ ایمان کی شرعی تعریف لکھیں کیا اقرار باللسان ایمان کے لیے ضروری ہے؟ وضاحت کریں۔

25۔ ایمان کے گھٹنے یا بڑھنے پر تفصیلاً نوٹ لکھیں۔

26۔ ایمان اور اسلام کے ایک ہونے پر دلائل دیں۔